**18.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

**Music**

---------------------------

* بہار میں ووٹر فہرستوں اور دیگر معاملات پر اپوزیشن کے شوروغل کے تناظر میں پارلیمنٹ میں تعطل جاری ہے۔ لوک سبھا میں آج کیپٹن شبھانشو شکلا کے خلائی مشن پر بحث ہونا ہے۔

* وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج شام نئی دلی میں چین کے اپنے ہم منصب Wang Yi کے ساتھ باہمی بات چیت کریں گے۔

* مرکزی سرکار نقلی جراثیم کُش دوائیں، کیمیاوی کھاد اور نقلی بیج تیار کرنے میں ملوث کمپنیوں کے خلاف سخت کارروائی کرے گی۔

* موسمیات محکمے نے مہاراشٹر، گجرات، آندھرا پردیش کے کچھ حصوں اور اوڈیشہ میں تیز بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ جموں و کشمیر کے کئی ضلعوں میں آنے والے دنوں میں اچانک سیلاب کی وارننگ جاری کی گئی ہے۔

* یوکرین کے صدر زیلیسنکی اور یوروپی رہنما یوکرین میں لڑائی کے خاتمے کے لیے آج واشنگٹن میں امریکی صدر ٹرمپ کے ساتھ میٹنگ کرنے والے ہیں۔

* اور: کشتی میں فری اسٹائل زمرے کے پہلوان وِشال آج بلغاریہ میں 20 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کی عالمی چیمپین شپ میں کانسے کے تمغے کے لیے مقابلہ کریں گے۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Parliament Adjourn**

مختلف معاملات پر اپوزیشن کے شوروغل کے تناظر میں پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی 2 بجے تک کے لیے ملتوی کی گئی ہے۔

آج صبح جب راجیہ سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو ایوان میں سابق ممبر La Ganesan کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا، جن کا 80 سال کی عمر میں اِس مہینے کی 15 تاریخ کو انتقال ہو گیا تھا۔ اِس کے بعد ڈپٹی چیئرمین ہری ونش نے بتایا کہ انھیں مختلف سیاسی پارٹیوں کی طرف سے تحریکِ التوا کے 19 نوٹس موصول ہوئے تھے۔ اِن میں سے کچھ بہار میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرِ ثانی کے معاملات سے متعلق تھے، جو عدالت میں زیرِ سماعت ہیں۔

انھوں نے ضابطوں کا حوالہ دیتے ہوئے سبھی نوٹس مسترد کردیے۔ جب شوروغل ہوتا رہا تو ڈپٹی چیئرمین نے ایوان کی کارروائی دوپہر دو بجے تک کے لیے ملتوی کردی۔

**S/B: 1400 Harivansh Rajya Sabha**

اِدھر لوک سبھا میں بھی اسی طرح کے مناظر دیکھنے میں آئے۔ پہلی بار ملتوی ہونے کے بعد ایوان کی کارروائی جب دن میں 12 بجے پھر شروع ہوئی تو کامرس اور صنعتوں کے وزیر پیوش گوئل نے جَن وِشواس دفعات کی ترمیم سے متعلق بل 2025 پیش کیا۔ مذکورہ بل کا مقصد کاروبار اور رہن سہن میں سہولت کے لیے اعتماد پر مبنی حکمرانی کو مزید مستحکم بنانے کی خاطر بعض ترامیم کرنا ہے۔

بعد میں ایوان نے مزید جانچ پڑتال کے لیے مذکورہ بل ایوان کی چیدہ کمیٹی کے سپرد کرنے سے متعلق تحریک منظور کرلی۔ یہ کمیٹی اگلا اجلاس شروع ہونے تک رپورٹ تیار کرے گی۔

اِدھر تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے انڈین انسٹی ٹیوٹس آف Amendment Managementsبل 2025 پیش کیا۔ یہ بل انڈین انسٹی ٹیوٹس آف مینجمنٹ ایکٹ 2017 میں مزید ترمیم کرے گا۔

مذکورہ بل اپوزیشن ارکان کے شوروغل کے بیچ ہی پیش کیے گئے، جو بہار میں SIR کے معاملے پر احتجاج کر رہے تھے۔ ہنگامہ آرائی کے تناظر میں صدر نشیں سندھیا رَے نے ایوان کی کارروائی دو بجے تک کے لیے ملتوی کردی۔x

**Parliament Shukla**

لوک سبھا میں آج بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر جانے والے پہلے بھارتی خلا باز کیپٹن شبھانشو شکلا پر ایک خصوصی بحث کی جائے گی۔ اس بحث میں 2047 تک وکست بھارت کے حصول کے لیے خلائی پروگرام کے اہم رول پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

نئی دلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن ریجیجو نے کہا کہ کیپٹن شکلا بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کے کامیاب مشن کے بعد وطن واپس آگئے ہیں۔

**S/B 1400 Kiren Rijiju S Shukla**

**LS Student Safety**

تعلیم کے وزیر مملکت جینت چودھری نے کہا ہے کہ حکومت نے اسکولوں میں طلباء کی سلامتی کے معاملے میں کسی بھی چوک کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے کی پالیسی اختیار کی ہوئی ہے۔ آج لوک سبھا میں وقفہ سوالات کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے جناب چودھری نے کہا کہ طلباء کی سلامتی کے سلسلے میں وقتاً فوقتاً ریاستوں، مرکز کے زیر انتظام علاقوں اور اسکول کے بورڈز کو رہنما خطوط جاری کئے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں مرکزی وزارت تعلیم نے طلباء کی سلامتی اور خیروعافیت کو یقینی بنانے کیلئے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ایک خط لکھا ہے۔

**Byte: Jayant- Safety**

**Shivraj Singh Chouhan New MP**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ جعلی جراثیم کُش دوائیں، کیمیاوی کھاد اور جعلی بیج تیار کرنے میں ملوث کمپنیوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

جناب چوہان نے نقلی کیمیکلز کے چھڑکاؤ کی وجہ سے سویابین کی فصلوں کو ہونے والے نقصان کا جائزہ لینے کے لیے مدھیہ پردیش کا دورہ کیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

**V/C Vipin Mishra**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان کو نقلی جراثیم کُش دواؤں کی وجہ سے سویابین کی فصلوں کو نقصان پہنچنے کے بارے میں شکایتیں موصول ہوئی تھیں۔ اِس کے بعد جناب چوہان نے نقصانات کا معائنہ کرنے کے لیے **Raisen** اور وِدیشا ضلعے میں متاثرہ کھیتوں کا دورہ کیا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اِس طرح کی کمپنیوں کے خلاف پورے ملک میں ایک مہم چلائی جائے گی۔

**S/B Shivraj Singh Chouhan**

جناب چوہان کی ہدایت پر کام کرتے ہوئے زرعی تحقیق کی بھارتی کونسل نے فوری طور سے ایک انکوائری کمیٹی تشکیل دی ہے۔ کمیٹی کے ارکان فصلوں کو ہونے والے نقصان کا جائزہ لینے کے لیے آج اِن کھیتوں کا دورہ کر رہے ہیں۔

بھوپال سے وِپِن مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں.................

## China FM Visit

چین کے وزیر خارجہ اور چین کی کمیونسٹ پارٹی کے پولٹ بیورو کے ممبر Wang Yi آج سے بھارت کے دو دن کے دورے پر رہیں گے۔ وہ قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوبھال کی دعوت پر یہ دورہ کر رہے ہیں۔

چین کے وزیر خارجہ بھارت - چین سرحدی سوال پر خصوصی نمائندوں کی 24ویں دور کی بات چیت میں شرکت کریں گے۔ اِس میں جناب اجیت دوبھال بھارت کے خصوصی نمائندے کی حیثیت سے شامل ہوں گے۔

اِدھر وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر چین کے اپنے ہم منصب کے ساتھ باہمی بات چیت کریں گے۔x

## AP Rain

مغربی وسطی اور شمال مغربی خلیج بنگال کے اوپر ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے سے آندھرا پردیش کے شمالی ساحل اور جنوبی اوڈیشہ کے آس پاس کے علاقوں پر اثر پڑا ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق ہوا کے کم دباؤ کا یہ حلقہ آندھرا پردیش کے امراوتی میں مغرب - شمال مغرب کی سمت بڑھ رہا ہے۔

## J&K School Closed

جموں و کشمیر میں پورے جموں ڈویژن میں خراب موسم کی وجہ سے آج سبھی سرکاری اور پرائیویٹ اسکول بند ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ خطے میں کَل تک خراب موسم رہنے کے تعلق سے حکام کی طرف سے جاری کی گئی وارننگ کے تناظر میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔

اِدھر موسمیات محکمے نے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں کَل تک گرج چمک کے ساتھ تیز بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے اور یہ تنبیہ بھی کی ہے کہ اِس طرح کے موسم میں بادل پھٹنے، اچانک سیلاب آنے اور چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کا بھی امکان ہے۔

موسمیات محکمے کے مطابق جموں ڈویژن کے بعض حصوں میں شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ اِن میں جموں، Reasi، اُودھم پور، راجوری، پُنچھ، سامبا اور کٹھوعہ شامل ہیں۔

اُدھر ڈوڈہ، کشتواڑ، رام بن اور کشمیر ڈویژن کے کچھ مقامات پر تیز ہواؤں کے ساتھ اوسط سے لے کر شدید بارش ہو سکتی ہے۔x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے چھتیس گڑھ، ساحلی آندھرا پردیش، ساحلی کرناٹک، کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، اوڈیشہ، جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں اور تلنگانہ میں آج شدید بارش کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

موسمیات محکمے کے مطابق قومی راجدھانی دلی میں آج ہلکی سے لے کر بہت ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے۔x

## Delhi Yamuna

دلی میں جمنا دریا میں پانی کی سطح خطرے کے نشان سے اوپر پہنچ گئی ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق ہتھنی کُنڈ بیراج سے پانی چھوڑے جانے کے تناظر میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوا ہے۔x

## Chhattisgarh Blast

چھتیس گڑھ میں بستر ڈویژن کے بیجا پور ضلعے میں آج ماؤنوازوں کے دیسی ساخت کے دھماکہ خیز حربے کے دھماکے میں ایک سیکیورٹی اہلکار کی موت ہوگئی جبکہ تین جوان زخمی ہوئے۔ یہ دھماکہ نیشنل پارک علاقے میں اُس وقت ہوا جب ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ کی ایک ٹیم نکسلیوں کے خلاف کارروائی کے لیے گئی ہوئی تھی۔ زخمی اہلکاروں کی حالت خطرے سے باہر بتائی گئی ہے۔x

## Trump Zelensky Meet

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یوکرین کے اپنے ہم منصب ولادیمیر زیلنسکی پر یہ کہتے ہوئے دباؤ بنایا ہے کہ انہیں روس کے قبضے والے کچھ علاقوں پر سے اپنا دعویٰ چھوڑ دینا چاہئے۔ زیلنسکی آج یوروپی رہنماؤں کے ایک گروپ کے ساتھ اوول آفس میں صدر ٹرمپ سے ملاقات کرنے والے ہیں۔ کَل صدر ٹرمپ نے Truth سوشل پر ایک پوسٹ میں اس بات کا اعادہ کیا تھا کہ صدر زیلنسکی اگرچاہیں تو فوری طور پر روس کے ساتھ جنگ ختم کرسکتے ہیں یا وہ اُسے جاری رکھ سکتے ہیں۔ صدر ٹرمپ 2014 میں فوجی مزاحمت کے بغیر یوکرین کے Crimean جزیرے پر روس کے قبضے کا حوالہ دے رہے تھے، جس وقت براک اوبامہ صدر تھے اور انہوں نے واضح کیا کہ جنگ کے تصفئے کے تحت

کیف کو اُس پر سے اپنے دعوے سے دستبردار ہونا ہوگا۔ اس وقت روس کا یوکرین کے تقریباً 20 فیصد علاقے پر قبضہ ہے۔

یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے آج روس سے جنگ کو ختم کرنے کی اپنی بات دُہرائی ہے، جسے اُس نے شروع کیا تھا۔ زیلنسکی نے امید ظاہر کی کہ امریکہ اور یوروپی اتحادیوں کے ساتھ ایک مشترکہ محاذ ایک حقیقی امن معاہدے کیلئے ماسکو کو تیار کرے گا۔ زیلنسکی کی یہ رائے زنی واشنگٹن میں، اُن کی آمد پر سامنے آئی ہے، جہاں وہ وہائٹ ہاؤس میں امریکہ کے اپنے ہم منصب ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ میٹنگ کیلئے پہنچے ہیں۔×

## Israel Nationwide Strike

کَل ہزاروں اسرائیلی شہریوں نے ملک گیر سطح پر مظاہرے کئے اور عام ہڑتال کی۔ یہ لوگ غزہ میں جنگ بندی اور حماس کی جانب یرغمال بنائے گئے افراد کی رہائی کا مطالبہ کررہے تھے۔ تقریباً دو برس پہلے شروع ہوئی جنگ کے بعد سے اب تک کے سب سے بڑے مظاہروں کے سبب شہروں میں آمد ورفت تھم گئی، شاہراہوں کو بلاک کیا گیا، کاروبار بند رہے اور پولیس کے ساتھ جھڑپیں ہوئیں۔ 50 بقیہ یرغمال افراد کے کنبوں، اپوزیشن رہنماؤں اور سِوِل گروپوں نے یروشلم میں اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو کی رہائش گاہ کے باہر اور دیگر کئی اہم مقامات پر ریلیاں کیں۔ پولیس نے جھڑپوں کے بعد درجنوں افراد کو حراست میں لے لیا اور بھیڑ کو منتشر کرنے کیلئے پانی کی تیز بوچھاروں کا استعمال کیا گیا۔

دوسری جانب اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے اپنے موقف کا یہ کہتے ہوئے دفاع کیا ہے کہ حماس کو شکست دیئے بغیر جنگ ختم کرنے سے 7 اکتوبر 2023 کا سانحے کا دوبارہ پیش آنے کا خطرہ ہے۔×

## UN Flood

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گتریس نے بھارت اور پاکستان میں اچانک حالیہ سیلاب کے سبب انسانی جانوں کے نقصان پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ سکریٹری جنرل نے متاثرین کے کنبوں کے ساتھ اپنی دِلی تعزیت اور قدرتی آفت سے متاثرہ سبھی کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ سکریٹری جنرل کے ترجمان نے کَل ایک بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ اقوام متحدہ کی کنٹری ٹیمیں متعلقہ حکومتوں کیلئے ضروری امداد کی خاطر تیار ہیں۔×

## Wrestling

**بلغاریہ میں 20 سال سے کم عمر کی عالمی کشتی چمپئن شپ میں بھارت کے فری اسٹائل ریسلر وِشال کانسے کے تمغے کیلئے مقابلہ کھیلیں گے۔ زبردست کوشش کے باوجود 20 سالہ کھلاڑی Magomedgadzhi Magomedov سے نو-گیارہ سے ہار گئے، جو یونائیٹڈ ورلڈ ریسلنگ کے تحت کھیل رہے تھے۔ وِشال اب کانسے کے تمغے کیلئے مقابلہ کریں گے۔×**

**********************